# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 09 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاستی اسمبلی اسپیکر کے عہدے کیلئے رُکنِ اسمبلی راہل نارویکر کا بلا مقابلہ انتخاب یقینی۔

☆ بائیکاٹ ختم کر کے مہا وِکاس آگھاڑی کے نومنتخبہ ارکانِ اسمبلی کی بھی حلف برداری۔

☆ پولس انتظامیہ میں تنظیمی ردّوبدل کی ضرورت؛ سبکدوش پولس افسر ڈاکٹر میرا بوروَنکر کا عندیہ۔

اور۔۔۔☆ بین الاقوامی سطح کے تین علیحدہ علیحدہ کرکٹ میچوں میں بھارتی ٹیم کو شکست۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی کے اسپیکر کے عہدے کیلئے رُکنِ اسمبلی راہل نارویکر کا بلا مقابلہ انتخاب یقینی ہو چکا ہے۔ اسپیکر کے عہدے کے انتخاب کیلئے درخواست دہی کی مدت کل دوپہر 12 بجے ختم ہوئی۔ اس دوران صرف راہل نارویکر نے ہی وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں اپنے کاغذات جمع کروائے۔ حزبِ اختلاف کی جانب سے اسپیکر کے عہدے کیلئے کسی نے بھی کاغذاتِ نامزدگی داخل نہیں کیے۔ اب توقع ہے کہ آج ایوان میں نارویکر کے اسپیکر کے عہدے کیلئے منتخب ہونے کا اعلان کر دیا جائے گا۔

***** ***** *****

اسی دوران حزبِ اختلاف مہا وِکاس آگھاڑی کے نومنتخب ارکانِ اسمبلی نے حلف برداری کا مقاطعہ ختم کر دیا۔ اسمبلی اجلاس کی کارروائی سے قبل مہا وِکاس آگھاڑی کے رہنماؤں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں بائیکاٹ ختم کر کے رُکنیت کا حلف لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ بعد ازاں عبوری اسپیکر کالی داس کوڑمبکر نے 106 نومنتخب ارکانِ اسمبلی کو ایوان کی رُکنیت کا حلف دلایا۔

دریں اثناء آٹھ ارکان نے اب بھی اسمبلی کی رُکنیت کا حلف نہیں اٹھایا؛ جن میں پیٹھن کے رُکنِ اسمبلی ولاس بھومرے، اُتم جانکر، شیکھر نکم، ورون سردیسائی، منوج جام سُوتکر، سنیل شیر کے، وِنئے کورے اور جینت پاٹل شامل ہیں۔

***** ***** *****

اسی دوران برسرِ اقتدار مہایوتی کے ارکان نے کل ودھان بھون کے احاطے میں الیکٹرانک ووٹنگ مشین کی حمایت کرتے ہوئے زوردار نعرے بازی کی اور ای وی ایم کی مخالفت کرنے والی مہا وِکاس آگھاڑی کی مذمت کی۔ اس موقع پر بی جے پی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باون کڑے نے کہا کہ ای وی ایم پر شک کرنا، دستورِ ہند کی توہین ہے۔

***** ***** *****

بیلیٹ پیپر پر ووٹ ڈالنے کے معاملے میں زیرِ تذکرہ آنے والے شولاپور ضلع کے مارکڑواڑی گاؤں کا کل حزبِ اختلاف کے سینئر قائد شرد پوار نے دورہ کرکے وہاں شہریوں سے ملاقات کی۔اس موقع پر شرد پوار نے کہا کہ مارکڑواڑی کے شہریوں کی جانب سے اپنے ووٹوں کی جانچ کیلئے بیلیٹ پیپر پر رائے دہی کے فیصلے پر انتظامیہ کو اعتراض کرنے کی کوئی وجہ نہیں بنتی۔

***** ***** *****

دریں اثناء' وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے شرد پوار کے اس بیان پر اعتراض کیا ہے' جس میں شرد پوار نے کہا تھا کہ ای وی ایم پر شکوک وشبہات کے سبب عوام کا جمہوریت سے اعتماد اُٹھ جائے گا۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ حزبِ اختلاف اپنی شکست تسلیم کرے۔ اس سلسلے میں نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا کہ انتخابات میں ناکامی کا ٹھیکرا' الیکٹرانک ووٹنگ مشین پر پھوڑنے کا طرزِ عمل جمہوریت کیلئے نقصان دہ ہے۔انھوں نے سوال اٹھایا کہ جب لوک سبھا انتخابات میں مہاوِکاس آگھاڑی کو زیادہ نشستیں ملی تھیں تو اس وقت ای وی ایم پر اعتراض کیوں نہیں کیا گیا؟

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ مملکت برائے سماجی انصاف رام داس آٹھولے نے کہا ہے کہ مارکڑواڑی میں الیکٹرانک ووٹنگ مشین میں نقص پیدا ہونے کا امکان ہوسکتا ہے۔ تاہم اگر ایک مشین میں خرابی پیدا ہوجائے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ تمام ہی ای وی ایم مشینیں خراب ہیں۔کل ناسک میں اخبارنویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اگر گاؤں والوں کو کچھ شکوک وشبہات ہیں تو الیکشن کمیشن کو چاہیے کہ اس کی جانچ کرکے شکایات کا ازالہ کرے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں لوک سبھا ضمنی انتخاب اور اسمبلی انتخابات میں ای وی ایم اور وی وی پیٹ کے ووٹوں کی جانچ' انتخابی کمیشن کی ہدایات کے مطابق کی گئی۔ بعدازاں ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر ابھیجیت راؤت نے بتایا کہ انتخابی کمیشن کی ہدایات کے مطابق لوک سبھا کے 30 اور اسمبلی کے 45 انتخابی مراکز پر ووٹوں کی گنتی مکمل طور پر درست پائی گئی۔قرعہ اندازی کے ذریعے مجموعی طور پر 75 رائے دہی مراکز کا انتخاب کیا گیا تھا اور تمام امیدواروں کے نمائندوں کی موجودگی میں قرعہ اندازی کے ذریعے ان مراکز کو چنا گیا۔ بعدازاں ووٹوں کی گنتی کا عمل انتخابی مبصرین کی موجودگی میں کیا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

کسی بھی ریاست میں گورنر کا عہدہ دلانے کا لالچ دیکر تاملناڈو کے ایک شخص سے پانچ کروڑ روپئے ہتھیانے والے ناسک کے ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔نرنجن کلکرنی نامی اس ملزم نے تملناڈو کے نرسمہا ریڈی کو اپنے سیاسی اثرورسوخ دکھاتے ہوئے کسی بھی ریاست میں گورنر بنانے کا لالچ دیا اور اس کیلئے 15 کروڑ روپئے مانگے تھے۔جن میں پانچ کروڑ آٹھ لاکھ روپئے حاصل بھی کرلیے۔عدالت نے اس ملزم کو 10 دس پولس کسٹڈی میں رکھنے کا حکم جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

سبکدوش اعلیٰ پولس افسر ڈاکٹر میرا بورونکر نے پولس انتظامیہ میں تنظیمی تبدیلیوں کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں انت بھالے راوٗ ٹرسٹ کی جانب سے انھیں انت بھالے راوٗ میموریئل ایوارڈ دیا گیا۔ بعدازاں ’’پولس‘ حکمراں اور معاشرہ: چیلنج اور حل‘‘ کے عنوان سے منعقدہ پروگرام سے وہ خطاب کررہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ جرائم میں اضافہ ہورہا ہے اور اُسی تناسب سے پولس اہلکاروں کی تعداد ناکافی ہے۔ انھوں نے مشورہ دیا کہ اس کیلئے عوامی دباوٗ کا استعمال بھی کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بین الاقوامی اعداد وشمار کے تحت طئے قواعد کے مطابق ایک لاکھ کی آبادی کیلئے 220 پولس اہلکاروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاہم بھارت میں ایک لاکھ افراد کیلئے صرف 153 پولس ملازمین ہیں اور پولس کی اتنی تعداد کم ہونے کے باوجود توقعات ہوتی ہیں کہ شہریوں سے بہترین سلوک ہو اور ایف آئی آر فوری درج ہو یہ ممکن نہیں۔

50 ہزار روپئے نقد‘ سپاسنامے اور شیلڈ پر مشتمل یہ ایوارڈ ممبئی عدالتِ عالیہ کے سبکدوش جج سنیل دیشمکھ کے ہاتھوں میرا بورونکر کو تفویض کیا گیا۔ تاہم بورونکر نے یہ ایوارڈ ریاستی پولس کو اور ایورڈ کی رقم پولس فاوٗنڈیشن کو عطیہ کر دی۔

***** ***** *****

بین الاقوامی کرکٹ میں کل ہوئے تین علیحدہ علیحدہ میچوں میں بھارت کو شکست اٹھانا پڑی۔ دبئی میں 19 سال سے کم عمر کھلاڑیوں کے ایشیاء کپ کے فائنل میں بھارت کو بنگلہ دیش نے 59 رنوں سے شکست دے دی۔ اس میچ میں پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بنگلہ دیش نے بھارت کو جیت کیلئے 199 رنوں کا ہدف دیا تھا۔ تاہم جواب میں بھارت کی پوری ٹیم 35 اوور اور دو گیندوں میں 139 رن بنا کر آوٗٹ ہوگئی۔

برسبین میں خواتین کے دوسرے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں آسٹریلیاء نے بھارت کو 122 رنوں سے شکست دی۔ تین میچوں کی اس سیریز میں آسٹریلیاء نے دو-صفر سے ناقابلِ شکست برتری حاصل کرلی ہے۔ سیریز کا تیسرا اور آخری میچ 11 دسمبر کو پرتھ میں کھیلا جائے گا۔

بارڈر-گاوسکر کرکٹ ٹیسٹ سیریز میں ایڈیلیڈ میں کل دوسرے ٹسٹ میچ میں بھارت کو شکست ہوئی۔ آسٹریلیاء نے یہ میچ 10 وکٹ سے جیت کر پانچ میچوں کی سیریز میں ایک-ایک سے برابری کرلی ہے۔ کل میچ کے تیسرے دِن بھارت کی دوسری انگ میں تمام کھلاڑی 175 رن پر آوٗٹ ہوگئے۔ نتیش ریڈی نے بھارت کی جانب سے سب سے زیادہ 42 رن بنائے۔ آسٹریلیاء نے پہلی انگ میں 157 رن کی برتری حاصل کی تھی۔ اس طرح جیت کیلئے اُسے صرف 19 رن درکار تھے جو آسٹریلیاء نے بغیر کسی وِکٹ گنوائے حاصل کرلیے۔ سیریز کا تیسرا میچ آئندہ 14 تاریخ کو برسبین میں شروع ہوگا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ ریاستی اسمبلی اسپیکر کے عہدے کیلئے رُکنِ اسمبلی راہل نارویکر کا بلا مقابلہ انتخاب یقینی۔
- ☆ بائیکاٹ ختم کرکے مہاوِکاس آگھاڑی کے نومنتخبہ ارکانِ اسمبلی کی بھی حلف برداری۔
- ☆ پولس انتظامیہ میں تنظیمی ردّوبدل کی ضرورت؛ سبکدوش پولس افسر ڈاکٹر میرا بورونکر کا عندیہ۔
- اور۔۔۔☆ بین الاقوامی سطح کے تین علیحدہ علیحدہ کرکٹ میچوں میں بھارتی ٹیم کو شکست۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****